بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مذاق میں خود کو کرسچین کہنے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کسی نے مذاق میں یہ جملہ کہا کہ میں کرسچین ہوں، پھر کہا میں نے مذاق میں کہا ہے، ایسی صورت میں اس کے لئے کیا حکم ہے؟

## جواب

استغفر اللہ العظیم! یہ جملہ کہ میں کرسچین ہوں، کفر ہے ایسا کہنے سے بندہ، دائرہ اسلام سے نکل جاتا ہے، اگرچہ اس نے یہ جملہ مذاق میں کہا ہو کہ مذاق میں کلمہ کفر بولنا بھی کفر ہے، ایسے شخص پر لازم ہے کہ توبہ اور تجدید ایمان کرے، اگر شادی شدہ ہو تو تجدید نکاح بھی لازم ہے۔

بحر الرائق میں ہے: "ومن ھزل بلفظ کفر ارتد وان لم یعتقدہ للاستخفاف" یعنی: جس نے مذاق میں کلمہ کفر بکا تو وہ مرتد ہوگیا اگرچہ اس کا اعتقاد نہ رکھتا ہو کہ اس کو ہلکا سمجھنا پایا گیا۔ (البحر الرائق، جلد05، صفحہ202، مطبوعہ: کوئٹہ)

فتاوی رضویہ میں ہے: "جس نے جس فرقے کا نام لیا اُس فرقہ کا ہوگیا، مذاق سے کہے یا کسی دوسری وجہ سے۔" (فتاوی رضویہ، جلد14، صفحہ583، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ اپنی مایہ ناز تصنیف "کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب" میں لکھتے ہیں:

"سوال: کیا ہنسی مذاق میں کُفر بکنے والے کی قراٰنِ کریم میں بھی مذمّت آئی ہے؟ جواب: جی ہاں! مذاق میں کُفر بکنے والوں پر خدائے رحمٰن عَزَّوَجَلَّ نے اپنے پاک قراٰن میں بزَبانِ رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کفر کا فتویٰ صادِر فرمایا ہے۔ چُنانچِہ پارہ 10 سورۃُ التَّوبہ آیت نمبر 65 اور 66 میں ارشادِ ربُّ العباد ہے: وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ لَیَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَ نَلْعَبُؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَ اٰیٰتِهٖ وَ رَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ(65) لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ

بَعْدَ اِیْمَانِکُمْ ؕ (پ10 التوبہ 65-66) ترجمۂ کنزالایمان : اور اے محبوب! اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے ۔ تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے ہو! بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر۔" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب ، صفحہ 497، مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا رضا محمد مدنی

فتویٰ نمبر : Web-2573

تاریخ اجرا : 06 جمادی الاولیٰ 1447ھ / 29 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net